سُوْرَةُ الْمَاعُوْنِ

مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی اسکی سات آیات ہیں

رکوع نمبر ۱ آیات ۱ تا ۷ عمّ ۳۰ ۳۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○	شروع خدا کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے ○
اَرَءَيْتَ الَّذِيْ يُكَذِّبُ بِالدِّيْنِ ①	بھلا تم نے اُس شخص کو دیکھا جو روزِ جزا کو جھٹلاتا ہے ①
فَذٰلِكَ الَّذِيْ يَدُعُّ الْيَتِيْمَ ②	یہ وہی (بدبخت) ہے جو یتیم کو دھکے دیتا ہے ②
وَلَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ③	اور فقیر کو کھانا کھلانے کے لئے (لوگوں کو) ترغیب نہیں دیتا ③
فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّيْنَ ④	تو ایسے نمازیوں کی خرابی ہے ④
الَّذِيْنَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ ⑤	جو نماز کی طرف سے غافل رہتے ہیں ⑤
الَّذِيْنَ هُمْ يُرَآءُوْنَ ⑥	جو ریاکاری کرتے ہیں ⑥
وَيَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ ⑦ ع	اور برتنے کی چیزیں عاریت نہیں دیتے ⑦

SMALL KINDNESSES

Revealed at Mecca

In the name of Allah, the Beneficent, the Merciful.

1. Hast thou observed him who belieth religion?
2. That is he who repelleth the orphan?
3. And urgeth not the feeding of the needy.
4. Ah, woe unto worshippers
5. Who are heedless of their prayer;
6. Who would be seen (at worship)
7. Yet refuse small kindnesses!

اسرار و معارف

آپ نے ان لوگوں کو دیکھا جو قیامت اور اسلام کا انکار کئے بیٹھے ہیں انہیں دولتِ دنیا نے اندھا کر دیا ہے کہ اسلام کے نظامِ معیشت سے گھبراتے ہیں اور یتیموں اور کمزوروں کو دھکے دے کر ان کا حق دبا لیتے ہیں اور محتاج و بے بس کو اس کا حق نہیں دینا چاہتے یہ صرف کافر ہی نہیں ان میں برائے نام مسلمان اور منافق بھی شامل ہیں جو بظاہر نماز ادا کرتے ہیں مگر عبادات کے اس نتیجے سے بے خبر ہیں کہ عبادات کا نتیجہ تو یہ ہے کہ اللہ کے احکام پر عمل کرے اور ظلم کو مٹائے مگر یہ اس ظلم میں گرفتار ہیں دکھلاوے کو عبادت کرتے اور کسی کا حق تو کیا دیں گے مانگنے پر برتنے کی چیز بھی دینے کے روادار نہیں۔